# نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لیے
# موجودہ اور مجوزہ اقدامات

## ہانگ کانگ آبزرویٹری

ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) محکمہ موسمیات کا مقصد عوام الناس کے لیے موسم کے حال سے متعلق اعلی معیار کی خدمات مہیا کرنا ہے۔ اسکے علاوہ ہم خصوصی صارفین کو، جیسا کہ بحری جہاز رانی اور ہوا بازی کے شعبوں میں بھی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔ ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) کے لیے یہ بات بہت اہم ہے کہ عوام میں نسلی و ثقافتی پس منظر سے قطع نظر، ہماری خدمات تک تمام لوگوں کی یکساں رسائی ہو۔

**متعلقہ خدمات**

- ہانگ کانگ کے محکمہ موسمیات (HKO) کا کام ، (a) موسم کی پیشن گوئی کرنا اور موسم کے خطرات سے متعلق انتباہ جاری کرنا ؛ (b) اسکے علاوہ ہانگ کانگ میں ماحولیاتی تابکاری کی سطح کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ؛ اور (c) ہانگ کانگ کے معیاری وقت کو برقرار رکھنا ہے اور ادارہ جغرافیائی ، سمندری ، فلکیات اور ماحول سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے۔

**موجودہ اقدامات**

- ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) کی موسم سے متعلق اطلاع اور دیگرخدمات کے متعلق معلومات ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) کی ویب سائٹ پر ہانگ کانگ کی **دو** سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہیں ، اسکے علاوہ خاص موسمیاتی ویب سائٹ کا انتظام بھی کیا گیا ہے تاکہ موسم کے بارے میں بنیادی معلومات مختلف زبانوں[1] میں لوگوں تک پہنچائی جاسکیں۔

- معلوماتی اور تعلیمی کتابچے/ دستی اشتہار دو سرکاری زبانوں میں عام لوگوں میں تقسیم کے لیے شائع ہوتے ہیں ۔ اسکے علاوہ، ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) نے موسم کی انتباہات کے بارے میں چھ کتابچے مختلف زبانوں[Error! Bookmark not defined.] میں ترجمہ کیے ہیں جو ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) کی ویب سائٹ[2] پر اپ لوڈ کیے گئے ہیں۔

- عوامی تعلیم اور آگاہی کے لیے تیار کردہ آن لائن ویڈیو کورسز چینی اور انگریزی میں دستیاب ہیں۔

- ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) کے مرکزی دفتر اور ریسورس سینٹر کے استقبالیہ کاؤنٹر مختلف نسل و ثقافت کے لوگوں کے لیے زبان کے شناخت کارڈ مہیا کرتے ہیں تاکہ ضرورت پڑنے پر زبان کی مدد کے

---

[1] زبانوں میں ہندی ، نیپالی ، اردو ، تھائی ، بھاسا انڈونیشیا ، تگالوگ ، پنجابی اور ویتنامی شامل ہیں۔

[2] ہانگ کانگ کے محکمہ موسمیات (HKO) کی ویب سائٹ: https://www.hko.gov.hk/en/publica/pubgen.htm
اشاعت نمبر 20، 23، 25، 33، 35، 44

لیے تعاون حاصل کیا جاسکے۔

| | |
|---|---|
| مستقبل کے کام کا تعین | • ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) مختلف نسلوں کے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے نقطہ نظر سے اپنی خدمات کا وقتًا فوقتًا جائزہ لیتا رہے گا۔ |
| اضافی اقدامات، جو لیے گئے / لیے جائیں گے | • ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) مختلف زبانوں میں مزید موسم کے انتباہی کتابچے/ دستی اشتہار فراہم کرے گا۔<br>• ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) ضرورت و حالات کے مطابق مختلف نسلوں کے لوگوں کے لیے تعلیمی سرگرمیاں منعقد کرے گا ، جیسے ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) کا دورہ کرنا۔<br>• ہانگ کانگ آبزرویٹری (HKO) عوامی تعلیم کے لیے مزید دو لسانی آن لائن ویڈیو کورسز فراہم کرے گا۔ |

استفسارات کے لیے برائے مہربانی مسٹر جیسن تونگ (Mr Jason TONG )، اسسٹنٹ ڈپارٹمنٹل سیکرٹری (جنرل) 2 سے درج ذیل طریقوں کے ذریعے رابطہ کریں:-

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون | : | 2926 8039 |
| فیکس | : | 2311 9448 |
| ای میل | : | mailbox@hko.gov.hk |
| ڈاک | : | Hong Kong Observatory<br>134A Nathan Road<br>Kowloon<br>Hong Kong |

**دی ہانگ کانگ آبزرویٹری**
**جون 2024**